© rasailojaraid.com



# مسافرانِ آخرت

**ملک محمد صدیق صاحب کو صدمہ:**

مجلس احرار اسلام تلہ گنگ کے قدیم معاون اور ہمارے کرم فرما محترم ملک محمد صدیق صاحب (غلہ منڈی تلہ گنگ) کی ہمشیر گزشتہ ماہ رحلت فرما گئیں۔

مجلس احرار اسلام لاہور کے رکن محترم چودھری محمد اکرام صاحب کے چھوٹے بھائی چودھری محمد اسلام ۵ مارچ کو انتقال کر گئے۔

لاہور سے ہمارے دیرینہ مہربان محترم ملک محمد طاہر صاحب کے چھوٹے بھائی ملک محمد رفیع طویل علالت کے بعد ۶، مارچ ۱۹۹۹ء کو لاہور میں انتقال کر گئے۔

تلہ گنگ سے ہمارے قدیم مہربان اور معاون محترم چودھری عنایت اللہ صاحب کے بھائی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

ہمارے کرم فرما جناب محمد یعقوب مغل صاحب (تحصیل میلسی) کی خالہ محترمہ ۲۳، فروری ۹۹ء کو انتقال کر گئیں۔

چیچہ وطنی سے مجلس احرار اسلام کے معاون شیخ رفیق الرحمن کے جواں سال پھوپھی زاد جناب محمد نواز شامی گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

ڈیرہ اسماعیل خان سے ہمارے معاونِ خصوصی اور میزبان حاجی فضل الرحمن بادوزئی ایڈووکیٹ کی والدہ ماجدہ ۵، مارچ ۹۹ء کو انتقال کر گئیں۔

ڈیرہ اسمٰعیل خان سے حضرت مولانا عبدالقدوس صاحب کی اہلیہ ۱۱ مارچ کو رحلت کر گئیں۔

مجلس احرار اسلام چیچہ وطنی کے فعال کارکن اور ہمارے مخلص و مہربان بھائی محمد رشید چیمہ کی والدہ ماجدہ ۲۷، جنوری کو انتقال کر گئیں۔

**مولانا عبدالمجید عارف رحمہ اللہ:**

آل انڈیا مجلس احرار اسلام کے سابق مبلغ اور حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ کے تربیت یافتہ حضرت مولانا عبدالمجید عارف (جو کئی برس قبل ساہی وال سے اسلام آباد منتقل ہو گئے تھے) رمضان المبارک کے آخری عشرے میں انتقال کر گئے۔ وہ گذشتہ چند برسوں سے صاحب فراش تھے۔ محترم عبداللطیف خالد چیمہ مرکزی ناظم نشرو اشاعت نے اسلام آباد مولانا مرحوم کے گھر جا کر پروفیسر محمد سعید اختر سمیت مولانا کے فرزندان اور اہل خانہ سے امیر احرار حضرت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ اور دیگر مرکزی قیادت کی طرف سے اظہار تعزیت کیا۔ مولانا عبدالمجید رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی پر ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ کسی اشاعت میں مضمون شامل کیا جائے گا۔

**اہلیہ مرحومہ حکیم محمد صدیق تارڑ:** مجلس احرار اسلام کے قدیم اور سرفروش کارکن محترم حکیم محمد صدیق تارڑ صاحب (مریدکے) کی اہلیہ ۱۲، مارچ کو مریدکے میں انتقال کر گئیں۔

**حکیم مفتی سید محمد یٰسین شاہ صاحب مرحوم:**

تحریک آزادیٔ کشمیر اور تحریک پاکستان کے نامور کارکن، ممتاز عالم دین اور پنجاب طبیہ کالج جھنگ کے بانی حکیم مفتی سید محمد یٰسین شاہ صاحب طویل علالت کے بعد ۲۴، فروری ۱۹۹۹ء کو رات دس بج کر دس منٹ پر انتقال کر گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مرحوم، ڈائریکٹر حکیم پراجیکٹ حکومتِ پاکستان سید محمد ادریس بخاری، پنجاب طبیہ کالج جھنگ کے پرنسپل پروفیسر حکیم سید محمد اجمل شاہ صاحب، ایڈمن اٹلیسر پنجاب طبیہ کالج جھنگ، پروفیسر ڈاکٹر حکیم سید محمد ذوالحسنین شاہ صاحب کے والد گرامی تھے۔ وزیر آباد سے حکیم شیخ نجم الھدیٰ آپ کے مایہ ناز شاگردوں میں سے ہیں۔ تحریک آزادی کشمیر اور تحریک پاکستان میں خدمات اور دیگر قومی، طبی اور دینی و سماجی خدمات کے اعتراف میں حکومتِ پاکستان اور حکومت آزاد کشمیر نے آپ کو گولڈ میڈل اور صدارتی ایوارڈ عطاء کئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے۔ (آمین)

اراکین ادارہ تمام مرحومین کی مغفرت کی دعاء کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہیں۔

قارین سے درخواست ہے کہ وہ بھی ایصال ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ (ادارہ)

## لاہور میں دفتر احرار

## کا قیام اور تقریب افتتاح

ملک بھر کی تمام مجالس احرار اسلام کے لئے خوشخبری ہے کہ ۳۴ مرلہ پر مشتمل ڈبل سٹوری کوٹھی لاہور کے دل نیو مسلم ٹاؤن میں مجلس کے دفتر کے لئے خرید کرلی گئی ہے۔

ابن امیر شریعت حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتھم

امیر مجلسِ احرارِ اسلام پاکستان

۱۸، اپریل بروز اتوار ۴، بجے سہ پہر دفتر کا افتتاح فرمائیں گے۔

احباب و کارکنان افتتاحی تقریب میں بھرپور شرکت فرمائیں

دفتر میں عملہ تعینات کردیا گیا ہے۔ جو کارکنانِ احرار کی خدمت کے لئے ہمہ وقت موجود ہے۔ مزید تفصیلات بذریعہ دعوت نامہ عنقریب آپ تک پہنچ جائیں گی

**الداعیان الی الخیر**

○ محمد اسحٰق سلیمی (مرکزی ناظم اعلیٰ) ○ عبداللطیف خالد چیمہ (مرکزی ناظم نشرواشاعت) ○ سید محمد کفیل بخاری (ناظم دفتر)

دفتر مجلس احرارِ اسلام پاکستان (نزد مسلم ٹاؤن چوک) 69/C نیو مسلم ٹاؤن۔ وحدت روڈ۔ حسین سٹریٹ لاہور فون: 5865465 -042

© rasailojaraid.com